سپریم کورٹ آزاد جموں وکشمیر برانچ رجسٹری میرپور

نمبرس ک م/ 2324 /2021ء مورخہ 30-11-2021

پریس ریلیز

آزاد جموں وکشمیر سپریم کورٹ برانچ رجسٹری میرپور میں مقدمات کی سماعت کے سلسلے میں از 15.11.2021 تا 28.11.2021 کا شیڈول جاری کیا گیا تھا جسکے تحت جناب جسٹس راجہ سعید اکرم خان، معزز چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر وجناب جسٹس محمد یونس طاہر، معزز جج سپریم کورٹ نے بمقام میرپور شیڈول کے تحت مورخہ 28.11.2021 تک مقدمات کی سماعت فرمائی۔ جبکہ جناب جسٹس خواجہ محمد نسیم، معزز سینئر جج سپریم کورٹ وجناب جسٹس رضا علی خان، معزز جج سپریم کورٹ نے بمقام میرپور مورخہ 19.11.2021 تک مقدمات کی سماعت فرمائی اور نئے شیڈول کے تحت واپس مرکزی دفتر صدر مقام مظفرآباد عدالتی امور کیلئے روانہ ہو گئے۔ معزز چیف جسٹس وججز صاحبان نے سرکٹ میرپور کے دورہ کے دوران کل 95 مقدمات سماعت فرما کر فیصلہ جات صادر فرمائے جن میں 71 سول وفوجداری اپیلز شامل ہیں۔ جبکہ 12 مقدمات بعد سماعت بغرض فیصلہ محفوظ کیے گئے۔

اسسٹنٹ رجسٹرار

سپریم کورٹ آف آزاد جموں وکشمیر

سرکٹ میرپور